کیم نومبر، 2011

پاکستان اور ترکی کے مرکزی بینکوں کے درمیان کرنسی سواپ (Currency Swap) کے دوطرفہ معاہدے پر دستخط

اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) اور سینٹرل بینک آف دی ری پبلک آف ترکی (CBRT) کے درمیان کیم نومبر، 2011 کو استنبول، ترکی میں منعقدہ ایک تقریب میں کرنسی سواپ (Currency Swap) کے دوطرفہ معاہدے پر دستخط کئے گئے۔ معاہدے پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جناب یاسین انور اور CBRT کے گورنر جناب Erdem Basci نے صدر مملکت پاکستان جناب آصف علی زرداری اور ترکی کے صدر جناب عبداللہ گل کی موجودگی میں دستخط کئے۔

کرنسی سواپ کا یہ دوطرفہ معاہدہ مقامی کرنسیوں کے مساوی ایک بلین امریکی ڈالر کی مالیت کے حجم کے ساتھ پاکستانی روپے/ترکی کے لرا (Turkish Lira) میں طے پایا ہے۔ معاہدے کی مدت تین سال ہوگی۔ کرنسی سواپ کے اس معاہدے کا بنیادی مقصد دونوں ملکوں کی مقامی کرنسیوں میں دوطرفہ تجارت کو فنانس کرنا ہے۔

یہ دونوں مرکزی بینکوں کے درمیان ہونے والا تاریخی معاہدہ ہے اور یہ پہلا موقع ہے جب دونوں ملکوں میں اس طرح کا معاہدہ طے پایا ہے۔ توقع ہے کہ اس معاہدے کے نتیجے میں پاکستان اور ترکی کے درمیان دوطرفہ تجارت میں اضافہ ہوگا اور اس سے دونوں ملکوں کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔ یہ معاہدہ دونوں ملکوں کے درمیان قریبی اور خصوصی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

دونوں مرکزی بینکوں کے درمیان کرنسی سواپ کے معاہدے کے اعلان سے آن شور مارکیٹ میں ایک دوسرے کے ملک کی کرنسی کی لیکویڈیٹی کی دستیابی سے متعلق مارکیٹ کو مثبت اشارہ ملے گا۔ اس کے نتیجے میں ترکی کے لرا (Turkish Lira) اور پاکستانی روپے میں ہونے والی دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا۔

☆☆☆/